Department of Education
Chancellor David C. Banks

19 دسمبر، 2022

عزیزی اہلِ خانہ،

نیویارک شہر پبلک اسکولوں کا انتخاب کرنے اور اپنے بچوں کی بہبود کے لیے ہم پر اعتماد کرنے پر آپکا شکریہ۔ جبکہ میں بطور چانسلر اپنا پہلا سال مکمل کررہا ہوں، میں آپ کے لیے انتہائی تشکر، تحسین، اور احترام سے بھرپور ہوں۔ آپکی غیرمتزلزل شراکت اور ان قربانیوں کا شکریہ جو آپ اپنے بچے کی تعلیم کی اعانت میں کرتے ہیں۔

اس سال کو اختتام تک پہنچانے سے پہلے، میں ان چند اہم چیزوں کو تسلیم کرنا چاہتا ہوں جو ہم نے ملکر حاصل کی ہیں، ہمارے خواندگی کے پروگرام کو افزونی دینے اور ہمارے داخلوں کے طریقِ کار کو آسان بنانے سے لے کر خاص تعلیم کی تشکیلِ نو اور ہمارے طلبا کو انکے روشن مستقبل کی جانب رواں کرنے کے لیے نئی راہیں تخلیق کرنے تک جسکے وہ حقدار ہیں۔

ہر وہ دن جب میں اس سال ہمارے اسکولوں میں گیا ہوں اس نے ہمارے بچوں کے تابناک مستقبل کے وعدے کو مزید تقویت فراہم کی ہے۔ میں اسے انکی آنکھوں کی چمک، انکی مسکراہٹوں کی گرماہٹ، اور انکے جذبے کی طاقت میں دیکھتا ہوں؛ یہ مجھے ہمیشہ توانائی دیتا اور متحرک کرتا ہے۔ میں نئے سال میں انکا وعدہ اور انکی توانائی اپنے ساتھ لے کر جاونگا، جب ہم اپنے مقصد پر ایک گہری توجہ مرکوز رکھیں گے: یہ یقینی بنانا کہ ہر طالب علم ایک ثمرآور طرزمعاش اور طویل مدتی معاشی تحفظ کی جانب راہوں پر جانے کے لیے سندیافتہ ہو—اور تبدیلی کے لیے ایک مثبت طاقت سے آراستہ ہو۔

میں جانتا ہوں کہ تہواروں کا مطلب مختلف افراد کے لیے مختلف ہوسکتا ہے، لیکن میرا یقین ہے کہ اس سے قطع نظر کہ ہم کیا اور کیسے مناتے ہیں، تہوار ہمارے بہترین انداز کو سامنے لاتے ہیں۔ اب وقت ہے کہ ہم ان لوگوں کے ساتھ دوبارہ رابطہ کرنے کے لیے توقف کریں جن سے ہم پیار کرتے ہیں۔ اپنی زندگیوں میں تمام اچھی چیزوں کی ستائش کرنے کے لیے، اور یقیناً سوچنے، پُرسکون ہونے اور جشن منانے کے لیے۔ میرے لیے، تہوار تعلیمی سال کے دوسرے نصف کا منتظر ہونے کے بارے میں ہیں۔ میری ملازمت کا ایک جز یہ یقینی بنانا ہے کہ میری ٹیم اور میں جنوری میں توانائی اور جوش سے بھرپور واپس آئیں، ہمارے بچوں کے لیے انکے خوابوں کے حصول کے واسطے مزید راہیں تخلیق کرنے کے لیے مستعد۔

میں آپ کے لیے ایک مسرت بخش تہواروں کے موسم اور ایک صحت افزوں، خوش حال نئے سال کی تمنا کرتا ہوں، اور میں نئے سال میں آپ اور آپ کے بچوں کو دیکھنے کا متمنی ہوں۔

پُر تشکر،

David C. Banks
نیویارک شہر اسکولز چانسلر

To view a copy of this document in your language, visit **schools.nyc.gov/messagesforfamilies**

للاطلاع على نسخة مترجمة من هذه الوثيقة، يرجى زيارة الرابط schools.nyc.gov/messagesforfamilies	এই ডকুমেন্টের অনুবাদকৃত সংস্করণটি দেখতে, schools.nyc.gov/messagesforfamilies ভিজিট করুন	如要查看本文件的中文譯本，請上網到 schools.nyc.gov/messagesforfamilies
Pour voir une version traduite de ce document, allez sur schools.nyc.gov/messagesforfamilies	Pou wè yon vèsyon dokiman sa a nan lòt lang, ale nan schools.nyc.gov/messagesforfamilies	이 문서의 번역본은 schools.nyc.gov/messagesforfamilies에 있습니다.
Перевод документа находится по адресу: schools.nyc.gov/messagesforfamilies	Para ver una versión traducida de este documento, visite schools.nyc.gov/messagesforfamilies	اس دستاویز کی ترجمہ شدہ اشاعت دیکھنے کے لیے ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/messagesforfamilies